
کل وقت

**1**
گھنٹہ

عمر کی حد

**8-14**
سال



# اسکرپٹ پلٹائیں!

عالمی یوم اطفال پر عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کا جشن منائیں

4 QUALITY EDUCATION

## سیکھنے کے مقاصد

میں اس بات پر غور کر سکتا/سکتی ہوں کہ سیکھنے کا مقصد کیا ہے

میں اپنے اسباق کو ڈیزائن کر سکتا/سکتی اور بنا سکتا/سکتی ہوں۔

میں دوسروں کو اپنا سبق سکھا سکتا/سکتی ہوں۔

## سبق کا جائزہ:

طلباء اس بات پر غور کرتے ہیں کہ ان کے پسندیدہ مضامین کیا ہیں اور کیوں۔ وہ سیکھنے کے مختلف انداز کے بارے میں سوچتے ہیں اور ان کے لیے اسکول جانا کیوں اہم ہے۔

طلباء عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کے لیے اپنا سبق ڈیزائن کرنے اور تخلیق کرنے میں وقت صرف کرتے ہیں

طلباء عالمی یوم اطفال کے جشن کے طور پر اس سبق کے منصوبے کو پیش کرتے اور سکھاتے ہیں۔

## اساتذہ کے لیے نوٹ:

بچوں کا عالمی دن یونیسیف کا بچوں کی جانب سے بچوں کے لیے سالانہ کارروائی کا دن ہے۔ یہ ایک ایسا دن ہے جب پوری دنیا میں بچے اور نوجوان اپنی آواز بلند کرتے ہیں تاکہ بڑوں سے #ForEveryChild ایک بہتر مستقبل تشکیل دینے کا مطالبہ کریں۔

CoVID-19 وبائی بیماری نے پوری دنیا کے اسکولوں، اساتذہ اور طلباء پر بہت زیادہ اثر ڈالا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ تعلیم کا ازسر نو تصور کریں، نئے سرے سے ڈیزائن کریں اور نئے سرے سے ایجاد کریں تاکہ یہ سب کے لیے کام کرے اور عالمی ہدف 4 کوالٹی ایجوکیشن حاصل کیا جاسکے۔ اسے کیسے کیا جاسکتا کے بارے میں طلباء اور ان کے خیالات، آراء اور تصورات لازمی ہیں اور بچوں کا عالمی دن بچوں کے لیے اسکرپٹ کو پلٹ کر حصہ لینے اور اپنا سبق سکھانے کا بہترین وقت ہے!

## ہمارے ساتھ طلباء کے اسباق کا اشتراک کریں!

ہم یہ دیکھنا پسند کریں گے کہ عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کوالٹی ایجوکیشن کا آپ کے طلباء کے لیے کیا مطلب ہے!

**@TheWorldsLesson** اور **#WorldChildrensDay** سوشل میڈیا پر یا

یا ای میل کریں lesson@project-everyone.org

5
منٹ

## مرحلہ نمبر 1: شروعات کے سوال

بورڈ پر لفظ "DATA" لکھیں۔

طلباء سے پوچھیں:

- کیا آپ اس لفظ کا مطلب جانتے ہیں؟
- ڈیٹا ہمارے سیکھنے میں کیوں مددگار ہو سکتا ہے؟
- آپ کو کسی قسم کے اعداد و شمار یاد ہیں جنہوں نے آپ پر اثر ڈالا ہو؟

*مثلاً سمندر زمین کی سطح کا 70 فیصد احاطہ کرتا ہے، تقریباً۔ زمین پر آج تک 244,000 میٹرک ٹن سونا دریافت ہوا ہے، 1.6 بلین طلباء کی تعلیم کووڈ19- سے متاثر ہوئی ہے*

طلباء جوڑوں میں بٹ کربحث کرتے ہیں اور کلاس کے ساتھ جوابات کا اشتراک کرتے ہیں۔

10
منٹ

## مرحلہ نمبر 2: سیکھنے کے مقصد پر غور کرنا

طلباء کے ساتھ اشتراک کریں کہ ڈیٹا دنیا کو سمجھنے میں ہماری مدد کرنے کا ایک طاقتور طریقہ ہے اور اس لیے ڈیٹا کی کس طرح تشریح کرنی ہے یہ بچوں کے سیکھنے کے لیے ایک مفید مہارت ہے ۔ سیکھنے کے بارے میں سوچنا اور جو کچھ ہم سیکھتے ہیں وہ آج کے سبق کا مرکز ہے! طلباء کے ساتھ اشتراک کریں کہ وہ بچوں کے عالمی دن کے جشن کے طور پر دوسروں کو سکھانے کے لیے اپنا سبق خود تیار کریں گے! یہ ان کے لیے ایک موقع ہے کہ وہ کسی بھی موضوع پر جس کے بارے میں وہ پڑھانا چاہیں گے اپنا سبق خود تیار کریں ۔ تعلیم بچوں کے حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشن کا ایک اہم حصہ ہے، جو آرٹیکل 28 اور 29 کے ساتھ ساتھ عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کوالٹی ایجوکیشن کے تحت آتا ہے۔

اس سے پہلے کہ وہ اس کے بارے میں سوچنا شروع کریں کہ وہ کیا پڑھانا چاہتے ہیں، طلباء کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ماضی کے اپنے پسندیدہ اسباق پر غور کرنے کے لیے کچھ وقت نکالیں۔ ان سے ان کے بارے میں سوچنے کا کہیں:

- یہ آپ کا پسندیدہ سبق کیوں تھا؟
- آپ نے کیسے سیکھا؟
- سیکھنے کا عمل کس جگہ وقوع پذیر ہوا؟
- آپ کا سیکھنا کس چیز کے بارے میں تھا؟

طلباء سے کلاس کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے کچھ خیالات نوٹ کرنے کو کہیں۔

10
منٹ

## مرحلہ نمبر 3: سبق کے موضوع کا انتخاب کرنا

طلباء کے پاس اب سوچنے کے لیے وقت ہے کہ وہ کیا سکھانا پسند کریں گے۔

طلباء سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں بچوں کو اسکول میں کیا سیکھنا چاہیے سوچنے میں ان کی رہنمائی کے لیے بورڈ پر دو کالم کھینچیں:

1- مہارتیں جیسے ڈیٹا خواندگی، تخلیقی صلاحیت، مسئلہ حل کرنا، خط و کتابت

2- عالمی مسائل

طلبا سے کہیں کہ وہ مل کر برین سٹارمنگ یعنی کہ غور و فکر کریں۔ کلاس کے طور پر تاثرات کا اشتراک کریں۔ آگے طلباء کلاس کے ذریعے پیدا کردہ خیالات کو استعمال کرتے ہوئے اپنے اسباق کو ڈیزائن کرنے کے لیے کون سا موضوع منتخب کرتے ہیں۔

توسیع: جب اسے منتخب کرلیں ، تو اب طالب علموں سے اس بات پر غور کرنے کو کہیں کہ ان کے سبق کا موضوع کن عالمی اہداف سے متعلق ہے۔

10
منٹ

## مرحلہ نمبر 4: سیکھنے کے مختلف انداز کے بارے میں سوچنا

اب جب کہ طلباء نے فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ کیا پڑھانا چاہتے ہیں، انہیں یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ وہ طلباء کو کیسے سکھانا چاہتے ہیں۔

طالب علموں کو گروپوں میں تقسیم کریں تاکہ طالب علم سیکھنے کے مختلف طریقوں پر غور کریں۔

*مثلاً پڑھنا، کمپیوٹر پر تحقیق کرنا، کہانی سننا، تجربہ تیار کرنا، حرکت کے ذریعے سیکھنا، ڈیٹا کی تشریح کرنا*

طلباء سے پوچھیں:

- آپ کون سے طریقے سیکھنا پسند کرتے ہیں؟
- آپ اپنے سبق کے منصوبے میں سیکھنے کے کن طریقوں کو شامل کر سکتے ہیں؟

طلباء عالمی یوم اطفال پر پڑھانے کے لیے اپنے سبق کے منصوبے کی تخلیق کے لیے نوٹس لیتے ہیں۔

20
منٹ

## مرحلہ نمبر 5: سبق کے منصوبے کو تخلیق دینا

طلباء اپنے سبق کے منصوبے کو ڈیزائن کرنے کے لیے ضمیمہ 1 میں موجود ٹیمپلیٹ کا استعمال کرتے ہیں۔

طالب علم کی تخلیقی صلاحیتوں کی رہنمائی کے لیے کچھ پیرامیٹرز مرتب کریں - جیسے سبق کی لمبائی، طلبہ کون اور کتنے ہیں۔

طلباء سے کہیں وہ اپنی سوچ کی رہنمائی میں مدد کے لیے سبق کے منصوبے کی چیک لسٹ بنائیں۔ انہیں اپنے سبق کے منصوبے میں کن معیارات کو شامل کرنے کی ضرورت ہے؟

WLL کے تجویز کردہ معیارات درج ذیل ہیں:

- آپ کا سبق کتنا طویل ہے؟
- آپ کا سبق کس کے لیے ہے؟
- آپ کے سیکھنے کے مقاصد کیا ہیں؟
- سیکھنے والوں کو مشغول کرنے کے لیے آپ اپنا سبق شروع کرنے کے لیے کس قسم کا ڈیٹا استعمال کریں گے؟
- آپ کی اہم سرگرمی کیا ہوگی؟
- آپ کا سبق کہاں ہو گا؟
- آپ سیکھنے والوں کی سمجھ کی جانچ کیسے کریں گے؟
- آپ کیا چاہتے ہیں کہ سیکھنے والے آپ کے سبق کے اختتام پر کیسا محسوس کریں؟

5
منٹ

## مرحلہ نمبر 6: غور و خوص

طلباء رائے جاننے کے لیے اپنے اسباق کے منصوبوں کو ایک ہم جماعت کے ساتھ شیئر کرتے ہیں۔ کیا ان کے پاس اس بارے میں کوئی تجاویز ہیں کہ وہ اپنے سبق کے منصوبے کے ڈیزائن کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں؟

طلباء سے پوچھیں:

- آپ کو اپنے سبق کو ڈیزائن کرنا کیسا لگا؟
- کیا اس نے آپ کو اس بات پر غور کرنے پر مجبور کیا کہ آپ کن مہارتوں اور موضوعات کے بارے میں مزید جاننا چاہیں گے؟

## مرحلہ نمبر 7: عالمی یوم اطفال پر کرنیوالے کام!

طلباء اپنے اسباق دوسرے طلباء کو پڑھاتے ہیں۔ ایسا کسی اور سال کے گروپوں یا کلاس کے دیگر اراکین کو سبق سکھانے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ طلباء اپنے اسباق گھر لے جا کر والدین، دیکھ بھال کرنے والوں اور بہن بھائیوں کو گھر پر بھی پڑھا سکتے ہیں۔

توسیع:
1۔ طلباء کو گھر پر اپنے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں سے پوچھنے کے لیے چیلنج مقرر کرکے دیں - عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کوالٹی ایجوکیشن کا آپ کے لیے کیا مطلب ہے؟
2۔ طلباء سے ہمارا عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) لرننگ سروے مکمل کرنے کو کہیں تاکہ ہر ایک کے لیے تعلیم کو بہتر بنانے میں مدد ملے: سروے کا لنک یہاں پر https://client.playverto.com/wll/goal4
3۔ طالب علموں کو اس پروجیکٹ کے ذریعے ڈیٹا پر گہرائی میں کام کروا کے عالمی ہدف 4 (گلوبل گول 4) کو مزید دریافت کرنے کے لیے راغب کریں: ڈیٹا پروجیکٹ کا لنک https://worldslargestlesson.globalgoals.org/resource/be-a-fact-ivist/

# ضمیمہ نمبر 1: سبق کے منصوبے کا ٹیمپلیٹ

آپ کے سیکھنے کے مقاصد کیا ہیں؟

آپ کا سبق کس کے لیے ہے؟

آپ کا سبق کتنا طویل ہے؟

آپ کی اہم سرگرمی کیا ہوگی؟

4 QUALITY EDUCATION

سیکھنے والوں کو مشغول کرنے کے لیے آپ اپنا سبق شروع کرنے کے لیے کس قسم کا ڈیٹا استعمال کریں گے؟

آپ کیا چاہتے ہیں کہ سیکھنے والے آپ کے سبق کے اختتام پر کیسا محسوس کریں؟

آپ سیکھنے والوں کی سمجھ کی جانچ کیسے کریں گے؟

آپ کا سبق کہاں ہو گا؟